سبق-8

رَسّا کَشی

ایک تھی بِلّی۔ اس کے دو بچّے تھے۔ ایک کا نام سونی اور دوسرے کا ٹونی تھا۔ ایک دن دونوں آنگن میں کھیل رہے تھے۔ وہاں اُنھیں ایک الگنی پڑی مل گئی۔ اِس پر اُن کی ماں کپڑے سُکھایا کرتی تھی۔ پھر کیا تھا! دونوں نے رَسّی کے ایک ایک سِرے کو پکڑا اور رَسّا کَشی کا کھیل شروع کر دیا۔

سونی اور ٹونی کی ماں نے دونوں کو الگنی سے کھیلتے ہوئے دیکھا تو جلدی سے ان کے پاس گئی۔ وہ چاہتی تھی کہ دونوں کی پٹائی کرے۔ اچانک اس کے دل میں کوئی خیال آیا اور وہ مسکرا کر بولی۔ ''بس یوں ہی مضبوطی سے رَسی کو تھامے رکھو!''

سونی اور ٹونی حیران تھے کہ دیکھیں اب ماں کیا کرتی ہے؟ ماں جلدی سے دُھلے ہوئے سب کپڑے اُٹھا لائی اور ایک ایک کر کے الگنی پر لٹکانے لگی۔ پھر ہنس کر بولی ''اب تم دونوں رَسی کو اپنی اپنی طرف کھینچو۔ جب تک کپڑے سُوکھ نہ جائیں۔ ہاں! یاد رکھنا اپنی اپنی جگہ سے ہلنا مت۔''

سونی اورٹونی چِلّاکر بولے ”مگر امّی اس میں تو بہت دیر لگے گی۔“
ماں نے کہا۔ ”ہاں! اِسی لیے تو میں نے تم لوگوں کے لیے یہ سزا سوچی ہے تاکہ تم دونوں اتنی دیر تک کوئی نئ شرارت نہ کرسکو۔“

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

رَسّا کَشی : رَسّا کھینچنا، ایک طرح کا کھیل
الگنی : کپڑے سکھانے کی ڈوری

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. بِلّی کے بچّوں کے کیا نام تھے؟
2. بچّے کہاں کھیل رہے تھے؟
3. الگنی سے کون سا کھیل شروع کیا؟
4. ماں سونی اورٹونی سے مسکرا کر کیا بولی؟
5. ماں نے سونی اورٹونی کو سزا کیوں دی؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ چُن کر لکھیے۔

1. ایک دن سونی اور ٹونی ــــــ میں کھیل رہے تھے۔ (میدان / آنگن)

2. دونوں نے ــــــ کا کھیل شروع کر دیا۔ (رسّا کشی / کبڈّی)

3. ان کے دل میں کوئی ــــــ آیا۔ (خیال / سوال)

4. مگر امّی اس میں تو ــــــ دیر لگے گی۔ (بہت / کچھ)

5. تاکہ تم دونوں اتنی دیر تک کوئی نئی ــــــ نہ کر سکو۔ (بات / شرارت)

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. ط ر ف = ...

2. ک پ ڑ ے = ...

3. ج ل د ی = ...

4. آ ل گ ن = ...

5. ا چ ا ن ک = ...

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. سزا =
2. الگنی =
3. حیران =
4. شرارت =
5. مضبوطی =

تصویروں کو پہچانیے اور ان کے نام لکھیے۔

ان میں جو کھیل کے سامان نہیں ہیں اُن پر غلط (×) کا نشان لگائیے۔

1. .... 2. .... 3. .... 4. ....

مثال : الگنی کپڑے سکھانے کے کام آتی ہے۔

1. چٹائی کس کام آتی ہے؟ = ________

2. کمبل کس کام آتا ہے؟ = ________

3. ترازو کس کام آتا ہے؟ = ________

خوش خط لکھیے۔

آنگن	
مضبوطی	
حیران	
کھینچو	
شرارت	

اپنے اُستاد کی موجودگی میں رسّا کشی کا کھیل کھیلیے۔